لالچ کی سزا



لالچ کی سزا

تحریر : **فریحہ لٹل ڈیل**

مصور : **ویلسلو پینی پیلز**

ترجمہ : **نویدظفرکیانی**









یہ ایک نہایت غریب مچھیرے کی کہانی ہے جو دریا کے
کنارے ایک بوسیدہ سی جھونپڑی میں اپنی بیوی کے ساتھ
رہا کرتا تھا۔

وہ روزانہ مچھلیوں کا شکار کرنے جایا کرتا تھا۔
ایک دن کیا ہوا۔۔۔۔ جب اُس نے مچھلی پکڑنے کے لئے کانٹا
پانی میں ڈالا تو اُسے فوری طور پر ڈوری پر دباؤ محسوس ہوا۔ اُس
نے ڈوری کو کھینچا تو کیا دیکھا۔۔۔۔۔ ایک بہت بڑی سی مچھلی
نے کانٹا نگل رکھا تھا۔






مجھے پانی میں واپس ڈال دو۔۔۔ مچھلی نے کہا۔۔۔ جانتے نہیں ہو کہ
میں مچھلیوں کی رانی ہوں۔۔۔۔ اور طلسماتی مچھلی ہوں!
اچھا! اگر تم مچھلیوں کی رانی ہو تو میں تمہیں آزاد کرتا ہوں۔۔۔۔
مچھیرے نے یہ کہا اور مچھلی کو دوبارہ دریا میں ڈال دیا۔



اُس شام کو جب مچھیرا گھر لوٹا تو اُس کی بیوی نے اُس سے پوچھا۔۔۔ آج کوئی ایک بھی مچھلی ہاتھ نہیں لگی؟؟ مچھلی تو پکڑی تھی میں نے۔۔۔ مچھیرا بولا۔۔۔ لیکن وہ طلسماتی مچھلی تھی اور مچھلیوں کی رانی تھی اس لئے میں نے اُسے چھوڑ دیا۔۔۔۔





احمق شخص۔۔۔اُس کی بیوی چلائی۔۔۔۔
اگر وہ طلسماتی مچھلی تھی تو تم نے اُس سے فائدہ کیوں نہ اُٹھایا۔۔فوراً جاؤ اور اُس سے کہو کہ تم کو ایک خوبصورت سا گھر چاہیئے۔۔۔

لیکن کیوں ؟۔۔۔مچھیرا جھنجھلا کر بولا


بحث مت کرو۔۔۔اُس کی بیوی چلائی۔۔۔میں جیسا کہتی ہوں ویسا کرو۔۔۔


نہ چاہتے ہوئے بھی مچھیرا دریا کی جانب چل دیا


دریا کے کنارے پہنچ کر مچھیرے نے آواز لگائی۔۔۔
مچھلی ری مچھلی!
سُن بات میری!!
چاہتی ہے تجھ سے
کچھ میری بیوی




کیا چاہتی ہے وہ؟ مچھلی نے پانی سے سر نکال کر پوچھا
وہ ایک خوبصورت سا گھر چاہتی ہے۔۔۔ مچھیرا بولا


ٹھیک ہے۔۔۔اب تم جاؤ! مچھلی بولی
اُسے گھر دیا جا چکا ہے۔۔۔


مچھیرا جب گھر لوٹا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ اُس کا پرانا
گھر غائب ہو چکا تھا، اب وہاں ایک بہت خوبصورت گھر تھا




واہ۔۔۔ کیا بات ہے۔۔۔ یہ تو بڑا خوبصورت گھر ہے!
مچھیرا بیوی سے بولا۔۔۔ اب تو تم خوش ہو؟؟



اُس کی بیوی بولی۔۔ بالکل ! بہت خوش ہوں !!
مچھیرا بہت خوش تھا۔۔۔اُس کی بیوی بھی خوش
تھی لیکن اُس کی خوشی محض ایک ہفتے تک برقرار
رہ سکی۔۔۔


ایک ہفتے بعد اُس نے اپنے خاوند سے کہا۔۔۔ مچھلی کے
پاس جاؤ اور اُس سے کہو کہ مجھے ایک محل چاہیئے۔۔۔
محض ایک خوبصورت گھر کافی نہیں!!!
آخر کیوں؟ اِس گھر میں کیا بُرائی ہے۔۔۔ مچھیرا جھنجھلایا
اِس بات کو چھوڑو۔۔۔ اُس کی بیوی تحکمانہ انداز میں بولی
جو میں کہہ رہی ہوں وہ کرو!!







لیکن میں ایسا مناسب نہیں سمجھتا۔۔۔ مچھیرا منمنایا
میں کہتی ہوں جاؤ۔۔۔ اُس کی بیوی آنکھیں نکال کر بولی
ناچار مچھیرے کو نہ چاہتے ہوئے بھی جانا پڑا۔۔۔



دریا کے کنارے پہنچ کر مچھیرا پھر پکارا۔۔۔
مچھلی ری مچھلی!
سُن بات میری
چاہتی ہے تجھ سے
کچھ میری بیوی


مچھلی پانی سے ابھری اور بولی۔۔۔اب کیا چاہتی ہے تمہاری بیوی؟؟؟
اُسے محل چاہئیے۔۔۔مچھیرے نے بتایا
ٹھیک ہے۔۔۔تم گھر جاؤ۔۔۔اُسے محل مل چکا ہے۔۔۔۔


مچھیرا واپس لوٹا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا
کہ جہاں پہلے اُس کا خوبصورت سا گھر تھا
اب وہاں ایک شاندار محل موجود تھا۔۔۔





یہ تو بہت خوبصورت محل ہے۔۔۔ مچھیرے نے اپنی بیوی سے کہا
ہمارے تو مزے ہو گئے! اب تو خوش ہو تم؟
ہاں۔۔۔ بہت خوش ہوں۔۔۔ اُس کی بیوی بولی
مچھیرا بہت خوش تھا۔۔۔ اُس کی بیوی بھی بہت خوش تھی لیکن اُس کی خوشی
عارضی ثابت ہوئی۔۔۔ محض دو ہفتوں تک برقرار رہ سکی۔۔۔



دو ہفتوں بعد اُس نے مچھیرے سے کہا۔۔۔ مچھلی
کے پاس جاؤ اور اُس سے کہو کہ مجھے صرف محل نہیں
چاہیئے۔۔۔ میں ملکہ بننا چاہتی ہوں !!
آخر کیوں۔۔۔ مچھیرا زِچ ہو کر بولا
بس تم جاؤ۔۔۔ اُس نے کہا۔۔۔ جو کہتی ہوں وہ کرو !!


لیکن میں یہ سب مناسب نہیں سمجھتا۔۔۔ مچھیرا منمنایا
جاؤ۔۔۔ اُس کی بیوی آنکھیں نکال کر بولی
غریب مچھیرے کو نہ چاہتے ہوئے بھی جانا پڑا۔۔۔



دریا کے کنارے پہنچ کر مچھیرا پھر پکارا۔۔۔
مچھلی ری مچھلی!
سُن بات میری
چاہتی ہے تجھ سے
کچھ میری بیوی



مچھلی پانی سے ابھری اور بولی۔۔۔اب کیا چاہیئے تمہاری بیوی کو؟
وہ ملکہ بننا چاہتی ہے۔۔۔ مچھیرے نے اُسے بتایا
ٹھیک ہے۔۔۔ تم گھر جاؤ۔۔۔ مچھلی نے کہا۔۔۔ تمہاری بیوی کو ملکہ بنا دیا
گیا ہے۔۔۔۔

مچھیرا گھر لوٹا تو اُس نے دیکھا کہ اُس کی بیوی اپنے شاندار محل میں موجود ہے۔۔۔ وہ شاندار سنہرے تخت پر بیٹھی ہوئی ہے اور اُس نے سنہرے رنگ کا تاج پہنا ہوا ہے۔۔۔ اور تو اور اُس کا لباس بھی سنہرے رنگ کا ہے۔۔۔







اب تو تم خوش ہو۔۔۔ مچھیرا بولا۔۔۔ اب تو تم ملکہ بن چکی ہو۔۔۔!

جی ہاں۔۔۔ اُس کی بیوی بولی۔۔۔ میں بہت خوش ہوں!!


مچھیرا ابھی خوش تھا اور اُس کی بیوی بھی خوش تھی۔۔۔۔


لیکن ہمیشہ کی طرح اُس کی بیوی کی خوشی عارضی تھی ۔۔۔ محض چار ہفتوں کے لئے۔۔۔۔۔۔


چار ہفتوں کے بعد مچھیرے کی بیوی نے اُس سے
کہا۔۔۔ مچھلی کے پاس جاؤ اور اُسے کہو کہ
بھلا محض ملکہ بننے کا کیا فائدہ۔۔۔ میں تو
سورج، چاند اور ستاروں کی ملکہ بننا چاہتی ہوں!
آخر کیوں۔۔۔؟ مچھیرے نے احتجاجاً کہا
تم سورج چاند اور ستاروں کی ملکہ کیوں بننا
چاہتی ہو۔۔۔؟؟



اِس بات کو چھوڑو کہ میں ایسا کیوں چاہتی
ہوں۔۔۔ اُس کی بیوی غصے سے بولی۔۔ بس
تم جاؤ اور مچھلی سے کہو کہ وہ مجھے سورج چاند
اور ستاروں کی ملکہ بنادے۔۔۔!!
لیکن مجھے وہاں جاتے ہوئے ڈر لگ رہا ہے۔۔
مچھیرا بولا۔۔۔ مچھلی ناراض ہو جائے گی!
میں کہتی ہوں جاؤ۔۔۔ اُس کی بیوی چلائی


ناچار مچھیرا دریا کے کنارے پہنچا اور پکارا
مچھلی ری مچھلی!
سُن بات میری
چاہتی ہے تجھ سے
کچھ میری بیوی




"اب وہ کیا چاہتی ہے" مچھلی نے پوچھا
وہ سورج، چاند اور ستاروں کی ملکہ بننا چاہتی ہے ---
مچھیرے نے اُسے بتایا
نہیں --- اب وہ حد سے بڑھ گئی ہے--- مچھلی
گرجی---نہ تو وہ سورج کی ملکہ بن سکتی ہے نہ چاند
یا ستاروں کی---اب اُسے کچھ بھی نہیں ملے گا بلکہ اب
اُسے اپنی اُسی بوسیدہ جھونپڑی میں واپس جانا پڑے گا۔



جب مچھیرا گھر لوٹا تو اُس نے دیکھا
کہ محل غائب ہو چکا تھا اور اُس کی جگہ
اُس کی وہی بوسیدہ سی جھونپڑی نمودار ہو چکی تھی
جس میں اُس کی بیوی حیران و پریشان کھڑی ہوئی
تھی۔۔۔ اور اِسی جھونپڑی میں اُن کی زندگی کے
باقی دن گزرے۔۔۔ یہی اُن کے لالچ کی سزا تھی۔

مشکل الفاظ کے معنی

طلسماتی	جادو کی بنی ہوئی۔ جادوئی
تحمکانہ انداز میں	حکم دینے والے انداز میں
بوسیدہ	پرانی۔ بُری حالت میں۔ خستہ حالت میں
منمنانا	منہ ہی منہ میں بولنا
عارضی	وقتی۔ کچھ دیر کے لئے
زِچ ہونا	تنگ پڑنا۔ عاجز آجانا
نمودار ہونا	ظاہر ہونا۔ نظر آنا
مناسب	موزوں۔ صحیح۔ دُرست



یکے از مطبوعات



بچوں کی لائبریری فورم

https://www.facebook.com/groups/172314319599647/